فوجی عدالتوں میں غیر آئینی طور پر قید بیرسٹر حسان نیازی اور میاں عباد فاروق کی نامعلوم مقام پر منتقلی کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف کی بیرسٹر حسان نیازی اور میاں عباد فاروق کی ملٹری جیل سے نامعلوم مقام پر منتقلی کی شدید مذمت
- حسان نیازی اور عباد فاروق کی نامعلوم مقام پر منتقلی قانون و انصاف کی حرمت پر حملہ اور بنیادی انسانی و آئینی حقوق کی خلاف ورزی ہے
- فوجی عدالتوں میں غیر قانونی ٹرائل کے بعد دونوں نوجوانوں کی خفیہ طریقے سے نامعلوم مقام پر منتقلی ریاستی فسطائیت اور سیاسی انتقام کی واضح مثال ہے
- فوجی عدالتیں ریاستی جبر اور انصاف کے قتل کا بدترین وسیلہ ہیں اور سویلینز کا فوجی قوانین کے تحت ٹرائل سراسر غیر آئینی ہے
- 9 مئی فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں 100 کے قریب معصوم اور بے گناہ شہریوں کو غیر قانونی ملٹری حراست میں رکھ کر جھوٹے انتقامی سلسلے کا نشانہ بنایا جارہا ہے
- گزشتہ 10 ماہ سے بدترین ریاستی جبر اور بربریت کا ہمت اور دلیری سے مقابلہ کرنے والے نوجوان لیڈرز حسان نیازی اور عباد فاروق کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے محرکات مکمل طور پر سیاسی ہیں
- اڈیالہ میں ناحق قید بانی چیئرمین عمران خان پر دباؤ ڈالنے کیلئے بیرسٹر حسان نیازی کو خاص طور پر انتقامی سیاست کا نشانہ بنایا جانا شرمناک اور قابلِ مذمت ہے
- میاں عباد فاروق کے بھائی کو ضمنی انتخاب لڑنے کی سزا دینے اور انتخابی عمل سے دور رکھنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کیے جارہے ہیں
- سپریم کورٹ حسان نیازی اور عباد فاروق کی جبری گمشدگی کا فوری نوٹس لے اور ان کو فوراً بازیاب کروا کر ان تک اہلخانہ کی رسائی یقینی بنائی جائے
- ملٹری جیل میں قید کے دوران حسان نیازی اور عباد فاروق کو غیر قانونی طور پر اغوا کرنے والوں کو کٹہرے میں کھڑا کیا جائے
- عدالت حسان نیازی اور عباد فاروق کے فوجی عدالت میں غیر آئینی ٹرائل کی فوری تکمیل و رہائی کے احکامات بھی صادر کرے

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ